بسم اللہ الرحمن الرحیم

# گھر کی کیاری میں لگے دھنیا، ٹماٹر وغیرہ پر عشر لازم ہے یا نہیں؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

گھر میں کیاریوں میں لگی ہوئی چیزیں دھنیا، بینگن، ٹماٹر وغیرہ پر بھی عشر ہوگا؟

## جواب

گھر میں اُگائی گئی مذکورہ سبزیوں پر عشر واجب نہیں۔

درمختار میں ہے: "ولا شیء فی عین دار" ترجمہ: اور گھر کے اندر اگائی جانے والی چیزوں میں کچھ واجب نہیں۔

اس کے تحت ردالمحتار میں ہے: "لأن عمر رضي الله تعالى عنه جعل المساكن عفوا وعليه إجماع الصحابة ولأنها لا تستنمى ووجوب الخراج باعتباره" ترجمہ: کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے گھر کی پیداوار کو معاف قرار دیا اور اسی پر صحابہ کرام علیہم الرضوان کا اجماع ہے نیز یہ بھی وجہ ہے کہ اس سے زمین کا نفع حاصل کرنا مقصود نہیں ہوتا اور عشر وخراج کا تعلق اسی سے ہے۔ (در مختار مع ردالمحتار، کتاب الزکاۃ، باب العشر، جلد3، صفحہ 320، مطبوعہ: کوئٹہ)

بہار شریعت میں ہے: "مکان یا مقبرہ میں جو پیداوار ہو، اُس میں نہ عشر ہے نہ خراج۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 919، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2470

تاریخ اجراء: 29 محرم الحرام 1447ھ/25 جولائی 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net